آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053
موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعرات 12 مارچ 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 21

ایران کا امریکا اسرائیل سے منسلک اقتصادی اور بینکنگ مراکز کو نشانہ بنانے کا اعلان

ترجمان خاتم الانبیا فوجی کمانڈ ہیڈ کوارٹر ابراہیم ذالفقاری نے اپنے بیان میں کہا کہ تہران میں بینک سپہ کا انتظامی دفتر اسرائیل امریکی حملے میں متاثر ہوا۔ دشمن اقتصادی مراکز اور بینکوں کو جواب میں نشانہ بنانے پر مجبور کر رہا ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کا امریکا، اسرائیل سے منسلک اقتصادی اور بینکنگ مراکز کو نشانہ بنانے کا اعلان کر دیا۔ ترجمان خاتم الانبیا فوجی کمانڈ ہیڈ کوارٹر ابراہیم ذالفقاری نے اپنے بیان میں کہا کہ تہران میں بینک سپہ کا انتظامی دفتر اسرائیل امریکی حملے میں متاثر ہوا۔ ابراہیم ذلفقاری کا کہنا تھا کہ یہ بینک ملک کے بڑے عوامی بینکوں میں سے ایک ہے، بینک سپہ کو دہشت گرد

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شوال کا چاند 19 مارچ کو صبح 6 بج کر 23 منٹ پر پیدا ہوگا: سپارکو

رواں سال 30 روزے ہونیکا امکان ہے جبکہ عید الفطر 21 مارچ کو ہونے کی توقع ہے

مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی کا اجلاس 19 مارچ کو اسلام آباد میں طلب کر لیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سپارکو کا کہنا ہے کہ شوال کا چاند 19 مارچ کو صبح 6 بج کر 23 منٹ پر پیدا ہوگا۔ سپارکو کے مطابق 19 مارچ کو غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر تقریبا 12 گھنٹے 41 منٹ ہوگی، 19 مارچ کی شام شوال کا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نواز شریف اور مریم نواز سے تاشقند کے گورنر کی وفد سمیت ملاقات

اس موقع پر پنجاب اور تاشقند کو برادر صوبہ قرار دینے پر اتفاق کیا گیا، خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی، ازبکستان کی طرف لاہور میں بابر پارک کے قیام کی تجویز پر غور کیا گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ازبکستان کے صوبے تاشقند کے گورنر زویر مرزا ایوف نے 7 رکنی وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ قائد محمد نواز شریف اور

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیرِ اعظم کی کویت کے وزیرِ خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ رات

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران میں نشانہ بنانے کیلئے اب کچھ نہیں بچا، جب چاہوں گا جنگ ختم ہو جائیگی ٹرمپ

چھ ہفتوں کے اصل منصوبے کے مقابلے میں بھی زیادہ نقصان پہنچایا جا چکا ہے، جنگ بہت حد تک اپنے اہداف تک پہنچ چکی ہے امریکی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران میں نشانہ بنانے کیلئے اب کچھ نہیں بچا، جب چاہوں گا ایران جنگ ختم ہو جائے گی۔ امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پہلا ون ڈے: بنگلہ دیش نے یکطرفہ مقابلے کے بعد پاکستان کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا

سیریز کا دوسرا اور تیسرا میچ 13 اور 15 مارچ کو ڈھاکا کے معروف شیر بنگلا نیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) 3 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں بنگلہ دیش نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے باآسانی شکست دیدی۔ بنگلہ دیش نے 115 رنز کا آسان ہدف 15 ویں اوور میں محض دو وکٹوں کے نقصان

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آبنائے ہرمز کی بندش پاکستان نے بحر احمر کے راستے تیل لینا شروع کر دیا

ذرائع کے مطابق پی این ایس سی کا جہاز سعودیہ کی ینبع پورٹ پہنچ گیا جہاں جہاز پاکستان کے لیے 73 ہزار ٹن خام تیل کے ساتھ کل کراچی کے لیے روانہ ہوگا۔ شپنگ ذرائع کے مطابق پی این ایس سی کا ایک اور جہاز شالامار وارزون سے تیل لادنے میں کامیاب ہوا ہے

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث بحر احمر کے راستے تیل لینا شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پی این ایس سی کا ایک 73 ہزار ٹن خام تیل کے ساتھ کل کراچی کے لیے روانہ ہوگا۔ شپنگ ذرائع کے مطابق پی این ایس سی کا ایک اور جہاز شالامار وارزون سے تیل لادنے میں کامیاب ہوا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شالامار جہاز بحیرہ اسے تیل لادنے کے بعد کراچی روانہ ہو گیا ہتے جب کہ ہرمز کی بندش کے سبب پی این ایس سی کے دو جہاز کراچی اور چارٹر پی ایکی پھنس گئے۔

قومی شناختی نظام کی مکمل درستی کے لیے نادرا نے اہم قدم اٹھالیا

وفات پانے والے 2 4 لاکھ افراد کے شناختی کارڈ فعال نکلے، نادرا نے منسوخ کر دیے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی شناختی نظام کی مکمل درستی کے لیے نادرا نے اہم قدم اٹھالیا، سول رجسٹریشن ریکارڈ اور قومی شہری ڈیٹا بیس کے درمیان مطابقت کا کام مکمل ہو گیا جس کے بعد 42 لاکھ ایسے شناختی کارڈ منسوخ کر دیے گئے جن کے لواحقین نے کارڈ منسوخ نہیں کرایا تھا۔ سول رجسٹریشن نظام اور نادرا کے نظام میں مطابقت کے بعد مرنے والے افراد کے شناخت کارڈ منظر عام پر آئے جس پر نادرا آرڈیننس اور شناختی کارڈ رولز

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پرنس بہاول خان عباسی کے دادا محترم اور نواب صلاح الدین عباسی کے والد گرامی نواب محمد عباس عباسی رات گئے حضرت عبداللہ شاہ کے مزار پر حاضری دیتے غلاف چڑھاتے اور نوافل کی ادائیگی کرتے خادم حاجی محمد ارشد

معروف روحانی شخصیت حضرت سید عبداللہ شاہ کے 315 ویں عرس مبارک کی تقریبات کا آغاز 29 رمضان المبارک کو ہوگا

مدیر احسان احمد سحر نے حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار پر حاضری دی پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ ساڑھے تین سو برس قبل جھنگ سے تبلیغ اسلام کے لئے احمد پور شرقیہ تشریف لائے خادم مزار حاجی محمد ارشد کی بریفنگ

خادم مزار و امام مسجد حاجی محمد ارشد

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) یہ 1975 کا ذکر ہے جب مدیر روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ احسان احمد سحر کو محلہ فتانی میں حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار پر پرنس بہاول عباس خان عباسی کے دادا محترم اور امیر بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کے والد گرامی اعلیٰ حضرت نواب محمد عباس خان عباسی مرحوم و مغفور کے بحیثیت گورنر پنجاب مزار پر حاضری دینے کا اخبارات کے ذریعے علم ہوا۔ گو 1975 سے انہیں اس مزار کا علم تھا لیکن انہیں وہاں کبھی جانے کا اتفاق نہیں ہوا۔ اب جب انہوں نے اپنی والدہ مرحومہ و مغفورہ کے نام سے منسوب کردہ مسجد حنیفہ کی تعمیر کا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مدیر احسان احمد سحر مشہور روحانی شخصیت حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نئے ایرانی سپریم لیڈر کے زخمی ہونے کی اطلاعات، ایرانی صدر کے بیٹے کا ردعمل سامنے آگیا

اپنے ایسے دوستوں سے رابطہ کیا جن کے متعلقہ حلقوں میں رابطے تھے، ان دوستوں نے بتایا کہ الحمدللہ مجتبیٰ خامنہ ای محفوظ اور خیریت سے ہیں یوسف پزشکیان

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے زخمی ہونے کی خبریں سامنے آئی ہیں تاہم قریبی ذرائع کے مطابق وہ محفوظ اور خیریت سے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی صدر کے بیٹے یوسف

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی محتسب کی چیف جسٹس آف پاکستان سے ملاقات

بدانتظامی کیخلاف شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں وفاقی محتسب کا اہم کردار ہے، چیف جسٹس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی محتسب نو یدکا مران بلوچ نے چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے گزشتہ روز سپریم کورٹ میں ملاقا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

32 سے زیادہ سرکاری خدمات کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنا دیا گیا ہے

وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل ترقی اور بیرونی سرمایہ کاری میں مکمل اعتماد پیدا کرنے کے لیے ملک میں سائبر سکیورٹی کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، 32 سے زیادہ سرکاری خدمات کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنا دیا گیا ہے اور موبائل ایپس کے ذریعے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر کا حجم

رواں مالی سال کے دوران 1 4 ارب ڈالر سے بڑھ سکتا ہے، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ جاری مالی سال کے دوران سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر کا حجم 1 4 ارب ڈالر سے بڑھ سکتا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ''ایکس'' پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر میں اضافے کا رجحان جاری ہے اور سمندر پار پاکستانیوں کی ملک کیلئے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات کا آغاز

اجلاس میں پاکستان کے قومی زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، رانا تنویر حسین، نے آج ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، چیئرمین پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل (PARC)، شریک تھے۔ اجلاس میں پاکستان کے قومی زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت

پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات کا آغاز

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے بدھ کو ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، چیئرمین پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل (پی اے آر سی)، شریک تھے۔ اجلاس میں پاکستان کے قومی زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزارت مذہبی امور نے پی ڈبلیو ڈی ملازمین کو ادارے میں ضم کرنے سے معذرت کر لی

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر ناصر بٹ کی صدارت میں منعقد ہوا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزارت مذہبی امور نے پی ڈبلیو ڈی کے ملازمین کو ادارے میں ضم کرنے سے معذرت کر لی۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر ناصر بٹ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر ہاؤسنگ میاں ریاض پیرزادہ اور سیکرٹری ہاؤسنگ سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کفایت شعاری؛ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں بڑے اقدامات

گاڑیاں بند اور تنخواہوں میں کٹوتی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہدایت پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں وسیع پیمانے پر کفایت شعاری اقدامات نافذ کر دیے گئے ہیں۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق یہ اقدامات وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی کفایت شعاری مہم کے تحت کیے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلیٰ پنجاب نے سی سی ڈی کو ناجائز اسلحہ کے خاتمے کا ٹاسک سونپ دیا

مریم نواز نے عید الفطر کے بعد اسلحہ کلچر کے خاتمے کیلئے بھرپور مہم چلانے کا حکم دیا

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ناجائز اسلحہ کے خاتمے کی ذمہ داری سی سی ڈی کو سونپ دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عید الفطر کے بعد اسلحہ کلچر کے خاتمے کے لئے بھرپور مہم چلانے کا حکم دیا ہے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ اسلحہ نمائش اور ناجائز استعمال کے سدباب کیلئے جامع ایکٹ تیار کر لیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی

الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے معاملات طے کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وزارت داخلہ کی درخواست پر بلدیاتی انتخابات سے متعلق اہم فیصلہ کیا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دفاعی قوت کے ساتھ ساتھ معاشی قوت کے طور ابھرا ہے، الیاس رضا بھٹہ

فیلڈ مارشل کی کامیاب حکمت عملی کی بدولت پاکستان دنیا کی

دنیا میں افراتفری اور خوف کا عالم ہے اور اگر امن و سلامتی ہے تو وہ صرف اور صرف ہمارے پیارے وطن پاکستان میں ہے وائس چیئرمین دفاع پاکستان ذندہ باد موومنٹ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) دفاع پاکستان ذندہ باد موومنٹ ڈویژن بہاولپور کیوائس چیئرمین

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان ہر وقت ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، مشرف زیدی

ضرورت پڑی تو ہر حال میں مدد کرینگے: ترجمان وزیر اعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم کے ترجمان برائے غیر ملکی میڈیا مشرف زیدی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حضرت علیؓ کی شجاعت، بہادری اور جرات لازوال

انکی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں

پنجاب پولیس کی فول پروف سیکیورٹی، عزاداروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے: وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب

عوام سے اپیل ہے کہ وہ امن وامان قائم رکھنے میں پولیس اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں: عظمیٰ بخاری

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے یوم شہادت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا کہ حضرت علیؓ کی شجاعت، بہادری اور جرات لازوال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علیؓ کی تعلیمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور رسول اللہ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ کے تعلیمی اداروں میں موسم بہار کی چھٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری

تمام کالجز 16 مارچ سے 31 مارچ 2026 تک بند رہیں گے

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ حکومت نے توانائی بچت اقدامات کے سلسلے میں تمام سرکاری و نجی اسکول اور کالجز میں اسپرنگ ہالیڈیز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ محکمہ کالج ایجوکیشن کے علامیہ کے مطابق تمام کالجز 16 مارچ سے 31 مارچ 2026 تک بند رہیں گے۔ کالج ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے تعطیلات کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تعلیمی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

دیہات کی کایا پلٹ: جدید ٹیکنالوجی اور روایتی ہنرمندی کا سنگم

ہم پاکستان

ڈاکٹر عبدالرحمٰن ناصر

rehman8585@gmail.com

ہمارے دیہات محض کچی دیواروں اور لہلہاتے کھیتوں کا نام نہیں، بلکہ یہ پاکستان کی معیشت کی وہ شہ رگ ہیں جو اگر پوری توانائی سے دھڑکنے لگے تو ملک کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ لیکن المیہ یہ ہے کہ ہم نے دہائیوں سے دیہی ترقی کو صرف گندم اور کپاس تک محدود کر دیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اجناس کی روایتی کاشتکاری اب بڑھتی ہوئی آبادی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز کا اکیلے مقابلہ نہیں کر سکتی۔ آج وقت کی پکار ہے کہ ہم اپنے دیہی نوجوانوں اور خواتین کے ہاتھوں میں وہ ہنر دیں جو انہیں کھیت سے نکال کر عالمی مارکیٹ سے جوڑ دے۔ آج کے دور میں آئی ٹی (IT) صرف شہروں کی جاگیر نہیں۔ اگر ایک دیہی نوجوان کے پاس سمارٹ فون اور انٹرنیٹ کی سہولت موجود ہے، تو اسے روزگار کے لیے شہر کے دھکے کھانے کی ضرورت نہیں۔ گرافک ڈیزائننگ، فری لانسنگ اور ای کامرس ایسے شعبے ہیں جو دیہی علاقوں میں معاشی انقلاب لا سکتے ہیں۔ جب ہمارا کسان آن لائن ایپ کے ذریعے اپنی فصل کی قیمت معلوم کرے گا یا اپنی پیداوار براہ راست گاہک تک پہنچائے گا، تو مڈل مین کا استحصال خود بخود ختم ہو جائے گا۔ ہماری دیہی خواتین کے ہاتھوں میں وہ جادو ہے جو بڑی بڑی مشینوں میں بھی نہیں۔ کڑھائی، سلائی، مٹی کے برتن اور ہاتھ سے بنے قالین ہماری پہچان ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان فن پاروں کو جدید ڈیزائننگ کے ساتھ جوڑا جائے اور انہیں بین الاقوامی نمائشوں تک رسائی دی جائے۔ دستکاری کی ترویج سے نہ صرف غربت میں کمی آئے گی بلکہ دیہی خواتین معاشی طور پر خود مختار ہو کر خاندان کی کفالت اور ملکی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکیں گی۔ لائیو سٹاک (مویشی پالنا) دیہی معیشت کا وہ بیک اپ ہے جو کبھی نقصان نہیں دیتا۔ لیکن اب ہمیں پرانے طریقوں کے بجائے کارپوریٹ فارمنگ کی طرف بڑھنا ہوگا۔ جانوروں کی بہتر نسل کشی، سائنسی بنیادوں پر خوراک کی فراہمی اور دودھ کی ویلیو ایڈیشن) جیسے پنیر اور دہی کی پیکنگ (کے ذریعے ہم دیہی آمدن میں کئی گنا اضافہ کر سکتے ہیں۔ ریشم کے کیڑے پالنا (Sericulture) اور شہد کی مکھیوں کی افزائش (Beekeeping) ایسے کم لاگت کاروبار ہیں جن کے لیے کسی بڑی فیکٹری کی ضرورت نہیں۔ شہد کی مکھیاں نہ صرف قیمتی شہد فراہم کرتی ہیں بلکہ یہ فصلوں کی پولینیشن) بارآوری (میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسی طرح شہتوت کے درختوں پر ریشم کے کیڑے پال کر قیمتی خام ریشم تیار کیا جا سکتا ہے، جس کی عالمی منڈی میں بہت مانگ ہے۔ دیہی علاقوں میں ان ہنروں کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ گئی ہے کہ زراعت پر بوجھ بڑھ رہا ہے اور زمینیں کم ہو رہی ہیں۔ حکومت اور نجی اداروں کو چاہیے کہ وہ دیہات میں ہنرمند مراکز قائم کریں جہاں ٹیکنالوجی اور روایتی علوم کی تربیت دی جائے۔ جس دن ہمارا دیہاتی ہنرمند ہو گیا، اس دن پاکستان کو آئی ایم ایف کے پاس جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ یاد رکھیے، خوشحال دیہات ہی خوشحال پاکستان کی ضمانت ہیں۔

☆☆☆☆☆

ایس ڈی ای او پیرا فورس سٹی سرکل بہاولپور مجتبیٰ منظور نے

زیرِ تربیت افسران کو عملی رہنمائی پیرا فورس کی سرگرمیوں پر بریفنگ

ایس ڈی ای او پیرا فورس سٹی سرکل بہاولپور مجتبیٰ منظور نے زیرِ تربیت PMS افسران کو پیرا فورس کی سرگرمیوں

ذمہ داریوں اور فیلڈ میں درپیش عملی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

سمہ سٹہ (عمار حسن علوی) ایس ڈی ای او پیرا فورس سٹی سرکل بہاولپور مجتبیٰ منظور نے زیرِ تربیت افسران کو عملی رہنمائی پیرا فورس کی سرگرمیوں پر بریفنگ دی ایس ڈی ای او پیرا فورس سٹی سرکل بہاولپور مجتبیٰ منظور نے زیرِ تربیت PMS افسران کو پیرا فورس کی سرگرمیوں، ذمہ داریوں اور فیلڈ میں درپیش عملی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر انہوں نے پیرا فورس کے کردار، قانون کے نفاذ، پرائس کنٹرول، انسداد تجاوزات

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عزاداروں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے

تمام ممکنہ حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا گیا ہے، کمشنر مسرت جبیں

صوبائی وزیر آبپاشی محمد کاظم علی پیرزادہ کی رہائش گاہ پر کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں اور ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے

اڈا شیخواہن میں یوم شہادت حضرت علیؓ کے سلسلہ میں منعقد ہونے والی اے کیٹیگری مجلس عزا کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

بہاولپور: کمشنر مسرت جبیں اور آر پی او غازی محمد صلاح الدین، صوبائی وزیر آبپاشی محمد کاظم علی پیرزادہ کی رہائش گاہ پر اڈا شیخواہن میں منعقد ہونیوالے مجلس عزا کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں جبکہ دوسری جانب مجلس عزا منعقد ہے۔

بہاولپور (پ ر) صوبائی وزیر آبپاشی محمد کاظم علی پیرزادہ کی رہائش گاہ پر کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں اور ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے اڈا شیخواہن میں یوم شہادت حضرت علیؓ کے سلسلہ میں منعقد ہونے والی اے کیٹیگری مجلس عزا کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ انتظامی و پولیس افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سکولوں نے حکومتی احکامات ہوا میں اڑا دیئے

پنجاب حکومت نے تمام سرکاری وغیر سرکاری سکولوں کو 31 مارچ تک بند کرنے کے احکامات جاری کیے

فیروزہ (نامہ نگار) حکومت کے واضح احکامات کے باوجود نجی سکول کھلے رہے سکولوں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گھریلو گیس سلنڈر من مانی قیمتوں پر فروخت ہونے لگے شہری پریشان

مختلف دکانوں پر گیس سلنڈر کے الگ الگ نرخ وصول کیے جا رہے ہیں اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد نظر نہیں آ رہا

فیروزہ (نامہ نگار) فیروزہ و گردونواح میں گیس سلنڈر دکان مالکان کی جانب سے گھریلو گیس سلنڈر اپنی مرضی کے نرخوں پر بھرنے کا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے فیروزہ و گردونواح کی عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ مختلف دکانوں پر گیس سلنڈر کے الگ الگ نرخ وصول کیے جا رہے ہیں اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد نظر نہیں آ رہا۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر رحیم یار خاں اسسٹنٹ کمشنر لیاقت پور سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر اور اطراف میں گیس سلنڈر کے سرکاری ریٹس کو باقاعدہ طور پر مشتہر کیا جائے تاکہ دکاندار من مانی قیمتیں وصول نہ کر سکیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری نرخ واضح طور پر جاری کر دیے جائیں تو

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

امریکی اور اسرائیلی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا، دشمن اقتصادی مراکز اور بینکوں کو جواب میں نشانہ بنانے پر مجبور کر رہا ہے۔ ترجمان خاتم الانبیا فوجی کمانڈ ہیڈکوارٹر کا مزید کہنا تھا کہ علاقے کے لوگوں کو ہدایت کی کہ بینکوں سے کم از کم 1 ہزار میٹر دور رہیں، یہ کارروائی خطے میں دشمن کی مداخلت اور حملوں کے جواب میں کی جا رہی ہے۔ واضح رہے اسرائیل۔ ایران تنازع اب صرف فوجی نہیں رہا بلکہ معاشی میدان میں بھی پھیل رہا ہے، ایران کے پہلے ہی آبنائے ہرمز میں تیل کی ترسیل روکنے سے تیل کی سپلائی اور قیمتیں متاثر ہو رہی ہیں۔ مزید برآں یہ صورتحال انتہائی خطرناک ہے اور اگر جلد از جلد جنگ بندی نہ ہوسکی تو مزید تصادم کے امکانات موجود ہے، تاہم ایران کی جانب سے ابھی کسی بھی مالیاتی ادارے پر کوئی حملہ نہیں ہوا، لیکن یہ اعلان ایک سنگین پیش رفت ہے۔

بقیہ نمبر 02

چاند نظر آنے کے امکانات کم ہیں، رواں سال 30 روزے ہونیکا امکان ہے جبکہ عیدالفطر 21 مارچ کو ہونے کی توقع ہے۔ سپارکو نے واضح کیا ہے کہ شوال کے چاند کی حتمی رویت کا اعلان مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی کرے گی دوسری جانب شوال کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی کا اجلاس 19 مارچ کو اسلام آباد میں طلب کرلیا گیا ہے۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے جب کہ اجلاس میں تمام مکاتبِ فکر کے علما، محکمہ موسمیات اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شرکت کریں گے۔

بقیہ نمبر 03

ساتھ جنگ جلد ختم ہوجائے گی، جنگ بہت حد تک اپنے اہداف تک پہنچ چکی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران نے خلیجی ریاستوں کو بھی نشانہ بنایا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی فوج نے توقع سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور کارروائی منصوبے سے بھی آگے بڑھ رہی ہے۔ ان کے مطابق چھ ہفتوں کے اصل منصوبے کے مقابلے میں بھی زیادہ نقصان پہنچایا جا چکا ہے۔ دوسری جانب ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے خلیج میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 100 امریکی فوجی زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق ایران کا کہنا ہے کہ اس نے کویت میں امریکی فوجی تنصیبات پر حملے کیے، جن میں العدیری ہیلی کاپٹر بیس، محمد الاحمد نیول بیس اور علی السالم ایئر بیس شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 04

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تاشقند کے گورنر زویئر مرزا ایوف کا پرتپاک استقبال کیا، تاشقند کے گورنر زویئر مرزا ایوف نے پرجوش خیر مقدم کرنے پر اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر پنجاب اور تاشقند کو برادر صوبہ قرار دینے پر اتفاق کیا گیا، خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی، ٹورازم، زراعت، لائیو سٹاک، میٹ پراسیسنگ، بیوریجز، سٹرس فروٹ اور دیگر سیکٹرز میں معاشی تعاون پر اتفاق کیا گیا، ازبکستان کی طرف لاہور میں بابر پارک کے قیام کی تجویز پر غور کیا گیا۔ گورنر تاشقند نے لاہور میں مغل دور کی تاریخی عمارتوں کی بحالی پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دورہ ازبکستان کی دعوت شکریہ کے ساتھ قبول کرلی۔ گورنر تاشقند نے ازبکستان کے صدر کی طرف سے پاکستان عوام بالخصوص اہل پنجاب کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام دیا، ازبک پلاؤ کی تعریف پر گورنر تاشقند کا اظہار مسرت، پاکستانی باورچیوں کی ٹریننگ کے لئے ازبک شیف بھیجنے کی پیشکش کی۔ صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف نے کہا کہ پاکستانی ازبکستان کے علمی وثقافتی ورثے پر فخر کرتے ہیں، ثمر قند ماضی کی طرح آج بھی علم و ہنر کا مرکز ومحور ہے، ازبکستان کے کھانے بالخصوص پلا پاکستانیوں کے مرغوب کھانوں میں شامل ہے۔ محمد نواز شریف نے کہا کہ متحدہ ہندوستان کے پہلے مغل بادشاہ فرغانہ سے ہندوستان آئے، آج بھی ان کی متاثر کن حکمرانی کی داستان پڑھی جاتی ہے، لاہور کی ہزاروں سال پرانی تاریخ ہے، لاہور سے محبت ہے، جب وزیراعظم تھا تو ہر ویک اینڈ پر لاہور آجاتا تھا۔ پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف نے ازبکستان کے لوگوں بالخصوص اہل ثمر قند کو سلام محبت پیش کیا۔ گورنر تاشقند زویئر مرزا ایوف نے پنجاب میں ٹورازم کے فروغ اور سائنس کی بحالی کو سراہا اور کہا کہ پنجاب میں ٹورازم، ارکیالوجی، میوزیم اور سیاحت کے فروغ کے لئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ زویئر مرزا ایوف نے کہا کہ محمد نواز شریف صاحب سے ملاقات کو اپنا اعزاز سمجھتا ہوں، پاکستان کے ساتھ سماجی اور معاشی تعاون کو مزید فروغ دینے کے منتظر ہیں۔ گورنر تاشقند نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان سیاحت، فارماسیوٹیکل، زراعت اور دیگر سیکٹرز میں معاشی تعلقات کے فروغ کے بیشمار مواقع موجود ہیں، ازبکستان میں ڈھائی ہزار کمپنیاں 74 ممالک کے اشتراک کار سے کام کر رہی ہیں۔ زویئر مرزا ایوف ازبکستان میں پاکستانی سرمایہ کاروں کے اشتراک سے 22 کمپنیاں، ٹیکسٹائل، زراوت اور میٹ پراسیسنگ دیگر سیکٹرز کام کر رہے ہیں، دورہ پاکستان کے مثبت اور حوصلہ افزا معاشی نتائج کے لئے پرامید ہیں۔ گورنر تاشقند نے کہا کہ ازبکستان میں ٹیکسٹائل بالخصوص پولیسٹر کی بہت مانگ ہے، پاکستانی کمپنیوں کا اشتراک کار میں خیر مقدم کریں گے، گورنر تاشقند نے ازبک مسجد کا سوونیئر دیکھ کر اظہار مسرت کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ ازبکستان برادر ملک ہے، سماجی اور معاشی تعلقات مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں، ازبکستان سے محبت مجھے والد محترم محمد نواز شریف اور والدہ مرحومہ کی طرف سے ورثے میں ملی۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ لاہور میں ازبک کوزین ریسٹورنٹ پاکستانیوں کی ازبکستان سے محبت کا ثبوت ہے، پنجاب میں بہت سے تاریخی مقامات سیاحتی توجہ کا مرکز ہیں، لاہور میں مغل دور کے بیشمار آثار قدیمہ موجود ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ برادار ملک ازبکستان سے آنے والے وفد کا خیر مقدم کرتے ہیں، امید ہے دورہ پاکستان مثبت نتائج کا حامل ہوگا، ازبکستان سے آنے والے سرمایہ کاروں کے دورے کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے پرامید ہیں۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ ازبکستان کے لئے پاکستانی ایکسپورٹ بڑھ رہی ہے، پنجاب میں زراعت، صنعت، سوشل سیکٹر اور انفراسٹرکچر میں بہتری کے لئے اربوں روپے لگائے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ملک کی زراعت کا 70 فیصد پنجاب سے ہے، سیالکوٹ، وزیرآباد اور فیصل آباد جیسے شہر انڈسٹریل حب ہیں، پاکستانی چاول دنیا میں بہترین شمار کیا جاتا ہے، اس کے ساتھ مکئی اور گندم بھی پنجاب کی بڑی فصلیں ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں زراعت اور لائیوسٹاک کی ویلیوایڈڈ پراڈکٹ پر توجہ دے رہے ہیں، پنجاب میں عالمی معیار کے مطابق تین لاکھ مویشی میٹ ایکسپورٹ کے لئے موزوں اور تیار ہیں، میٹ کی کوالٹی بہتر بنانے کے لئے بھاری بھرکم سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ازبکستان اور پاکستان اشتراک کار سے دنیا کو حیران کر سکتے ہیں، پاکستان ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل میں لیڈ لے رہا ہے، پاکستان کی بیڈشیٹ، ٹاول اور دیگر ٹیکسٹائل مصنوعات دنیا بھر میں پسند کی جاتی ہیں۔

بقیہ نمبر 05

پر حاصل کرلیا، بنگلہ دیش کی جانب سے تنزید حسن 67 اور نجم الحسین 27 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ قبل ازیں ڈھاکہ کے شیر بنگلہ سٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں بنگلہ دیش نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا ہے تاہم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان کی پوری ٹیم 30.4 اوورز میں 114 رنز بنا کر ڈھیر ہوگئی۔ قومی ٹیم کی جانب سے صاحبزادہ فرحان اور معاذ صداقت کے پہلی وکٹ کی شراکت میں 41 رنز جوڑے گئے تاہم صاحبزادہ فرحان کے بعد رضوان کے آٹ ہوتے ہی بیٹنگ لائن لڑکھڑا گئی اور 82 کے مجموعی سکور پر 9 کھلاڑی آٹ ہوگئے جس کے بعد ابرار احمد اور فہیم اشرف کی شراکت ٹیم کو 115 رنز تک لے کر گئی۔ صاحبزادہ فرحان 27 رنز، معاذ صداقت 18، شامل حسین 4، محمد رضوان 10 اور سلمان علی آغا نے 5 رنز بنائے جبکہ عبدالصمد 0 رنز پر پولین لوٹے، حسین طلعت نے 4، کپتان شاہین شاہ آفریدی نے 4 وسیم جونیئر بھی 0 رنز بنا کر پولین لوٹے جبکہ فہیم اشرف نے 37 رنز کی اننگز کھیلی۔ بنگلہ دیش کی جانب سے رانا ناہید نے 5 مہدی حسن نے 3 اور تسکین احمد نے 1 اور مستفیض الرحمان نے 1 وکٹ حاصل کی۔ واضح رہے کہ سیریز کا دوسرا اور تیسرا میچ 13 اور 15 مارچ کو ڈھاکا کے معروف شیر بنگلا نیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

بقیہ نمبر 06

کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں حالیہ پیش رفت بشمول کویت پر ہونے والے حملوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ نائب وزیراعظم نے کویت کی قیادت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اظہار کیا اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے فوری طور پر مذاکرات اور کشیدگی میں کمی کی ضرورت پر زور دیا۔ گفتگو کے دوران اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں زیر غور امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے پاکستان اور کویت کے درمیان تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 07

کے تحت اقدام اٹھاتے ہوئے 42 لاکھ شناختی کارڈ منسوخ کیے گئے، لواحقین نے صوبائی اداروں میں اندراج کرایا لیکن نادرا ریکارڈ اپ ڈیٹ نہیں کرایا تھا۔ نادرا کے مطابق نادرا کے حالیہ معاون اقدامات پر 30 لاکھ افراد کے لواحقین نے شناختی کارڈ منسوخ کرائے، 42 لاکھ شناختی کارڈز سول رجسٹریشن نظام میں وفات کے اندراج کے باوجود فعال رہے۔ شناختی کارڈ منسوخ نہ ہونے سے قومی اعداد وشمار عدم مطابقت کا شکار ہوتے ہیں، بعض اوقات غلطی یا بدنیتی سے بھی کوئی رشتہ دار شناختی کارڈ منسوخ کرا دیتے ہیں، غلطی سے شناختی کارڈ منسوخی پر نادرا سے رابطہ کر کے یونین کونسل کی معلومات لی جائے اور یونین کونسل میں درستی کرائی جائے اور نادرا میں ریکارڈ اپ ڈیٹ کرایا جائے۔ نادرا کے مطابق ایک کروڑ 40 لاکھ بچوں کی پیدائش کا اندراج یونین کونسل میں ہو چکا ہے لیکن نادرا میں نہیں ہوا، نادرا ایسے بچوں کے والدین یا سرپرستوں کو یاددہانی کے ایس ایم ایس بھجوا رہا ہے، ایسے بچوں کے والدین جلد از جلد نادرا سے ان کے ب فارم بنوائیں۔

بقیہ نمبر 08

پزشکیان نے اپنے ٹیلی گرام پیغام میں کہا کہ انہیں اطلاع ملی تھی کہ مجتبیٰ خامنہ ای زخمی ہو گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس خبر کے بعد انہوں نے اپنے ایسے دوستوں سے رابطہ کیا جن کے متعلقہ حلقوں میں رابطے تھے، ان دوستوں نے بتایا کہ الحمدللہ مجتبیٰ خامنہ ای محفوظ اور خیریت سے ہیں۔

بقیہ نمبر 09

مرحلہ مکمل کیا تو حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار کے خادم حاجی محمد ارشد نے انہیں مزار پر آنے کی دعوت دی اور بتایا کہ 29 رمضان المبارک کو حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کا 135 واں عرس مبارک عقیدت و احترام سے منایا جائے گا چنانچہ مدیر روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ گزشتہ جمعۃ المبارک کو نماز کی ادائیگی کے بعد حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار پر حاضری دینے کے لیے گئے انہوں نے مزار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار کے خادم حاجی محمد ارشد نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ حضرت سید عبداللہ شاہ رحمت اللہ علیہ ساڑھے تین سو برس قبل جھنگ سے حضرت سلطان باہو رحمت اللہ علیہ کے فرمان کے مطابق دین اسلام کی تبلیغ کے لیے احمد پور شرقیہ تشریف لائے اور یہاں انہوں نے مستقل پڑا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ حضرت سید عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے پڑدادا حضرت سید عبدالرحمٰن شاہ دہلوی رحمت اللہ علیہ حضرت سلطان باہو کے مرشد تھے۔ حاجی محمد ارشد نے مزید بتایا کہ سابق گورنر پنجاب نواب محمد نواب محمد عباس خان عباسی مرحوم ومغفور اکثر و بیشتر رات گئے حضرت سید محمد عبداللہ شاہ رحم اللہ علیہ کے مزار پر حاضری دیتے، مزار پر نیا غلاف چڑھاتے، نوافل کی ادائیگی کرتے اور دعا مانگنے کے بعد واپس صادق گڑھ پیلس تشریف لے جاتے۔ حاجی محمد ارشد نے اس موقع پر صاحب مزار کے حوالے سے دیگر دلچسپ واقعات بھی سنائے

بقیہ نمبر 10

ت کی جس میں عام لوگوں کو انصاف کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ادارہ جاتی تعاون، شفافیت اور احتساب کے نظام کو مزید موثر بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا کہ بدانتظامی کے خلاف شہریوں کو مفت اور جلد از جلد ریلیف فراہم کرنے میں وفاقی محتسب کا اہم کردار ہے۔ ملاقات میں انصاف تک رسائی بہتر بنانے اور اداروں کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے پر اتفاق کیا گیا جبکہ عوامی شکایات کے موثر ازالے کے نظام کو مزید فعال بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 11

نادرا کی دستاویزات تک رسائی ممکن ہورہی ہے، مزید ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے ضروری ہے کہ ملک کے قوانین، پالیسیوں اور نظام کو سائبر سکیورٹی کے لحاظ سے مزید مضبوط بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سائبر سکیورٹی سے متعلق ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک پاکستان میں مضبوط سائبر سکیورٹی نظام قائم نہیں ہوگا، اس وقت تک بیرونی سرمایہ کاری اور کاروباری مواقعوں میں مکمل اعتماد پیدا نہیں ہوسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ سائبر سکیورٹی صرف ٹیکنالوجی کا معاملہ نہیں بلکہ یہ ہر شہری کی ذاتی شناخت، ذاتی سلامتی، گھروں اور خاندانوں کی حفاظت سے لے کر قومی سلامتی تک کے تمام پہلوؤں سے جڑی ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دنیا تیزی سے ڈیجیٹلائزیشن کی طرف بڑھ رہی ہے جس میں صحت کے شعبے میں بھی جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال سامنے آرہا ہے۔ ان ٹیکنالوجیز کے ذریعے بیماریوں کے بہتر علاج کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، تاہم اس کے ساتھ ڈیٹا کے غلط استعمال کے خطرات بھی بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کے پاس آبادی کے جینیاتی ڈیٹا تک رسائی ہوتو اس کے غلط استعمال کے امکانات بھی پیدا ہوسکتے ہیں، اسی لیے ڈیجیٹل دور میں سائبر سکیورٹی کو انتہائی مضبوط بنانا ضروری ہے۔ شزہ فاطمہ نے کہا کہ حکومت سائبر سکیورٹی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کررہی ہے اور اس حوالے سے سائبر سکیورٹی ایکٹ اور متعلقہ اداروں کو فعال بنانے پر بھی کام جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سائبر سکیورٹی ایک انتہائی اہم شعبہ ہے جس میں مختلف مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے اور حکومت اس کے لیے خصوصی وسائل اور ادارہ جاتی نظام کو مضبوط بنا رہی ہے تاکہ پاکستان کو ڈیجیٹل معیشت میں محفوظ اور مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 12

عزم وحمایت مضبوط ہے۔ انہوں نے کہا کہ فروری میں ترسیلات زر کا حجم 3 . 3 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال فروری کے 1 . 3 ارب ڈالر کے مقابلے میں 5.2 فیصد زیادہ ہے، مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ترسیلات زر کا حجم 26.5 ارب ڈالر رہا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 9 . 3 2 ارب ڈالر کے مقابلے میں 5 . 1 0 1 فیصد زیادہ ہے، اس رجحان کے تناظر میں جاری مالی سال کے اختتام تک ترسیلات زر کا مجموعی حجم 41 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے ملک پر اعتماد کی مضبوط عکاسی اور ملکی ترقی کیلئے غیر متزلزل عزم کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 13

صوبیدار ریٹائرڈ الیاس رضا بھٹہ نے کہا ہے کہ تقریب تمام دنیا میں افراتفری اور خوف کا عالم ہے اور اکر امن وسلامتی ہے تو وہ صرف اور صرف ہمارے پیارے وطن پاکستان میں ہے اور اس کی وجہ ہماری بہادر مسلح افواج ہیں جس پر ہمیں فخر کرنا چاہیے ہمارے عظیم سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب حکمت عملی کی بدولت اج پاکستان دنیا کی ایک دفاعی قوت کے ساتھ ساتھ معاشی قوت کے طور ابھرا ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمارے ملک کو ہمیشہ شادوباد رکھے اور اس کے اندرونی و بیرونی دشمنوں اور غداروں کی ہر سازش کو ناکام بنائے۔

بقیہ نمبر 14

وزیر رانا تنویر حسین نے ملک بھر میں تحقیقاتی اداروں کو جدید بین الاقوامی معیار کے مطابق بہتر بنانے، پیداوار بڑھانے، غذائی تحفظ مضبوط کرنے اور برآمدات کے فروغ کے لیے ان کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ وزیر نے بتایا کہ وفاقی اور صوبائی تحقیقاتی اداروں کے درمیان متعدد اور دہرائے گئے اختیارات نے کارکردگی میں کمی پیدا کی ہے، جبکہ کئی ادارے ایک دوسرے سے الگ تھلگ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحقیق کو سائلوز (تنہا کام کرنے والے نظام) سے آگے بڑھا کر کراس ڈسپلنری اپروچ اپنانا ہوگی تاکہ نتائج عملی اور تجارتی طور پر مؤثر ہوں۔ وزیر نے ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور کمرشلائزیشن کو بڑھانے کی اہمیت پر بھی زور دیا، اور کہا کہ بعض ایجادات، جیسے ویکسین، گزشتہ برسوں میں مارکیٹ تک پہنچنے میں سالہا سال لگے، حالانکہ یہ چند ماہ میں کمرشلائز ہونی چاہیے تھیں۔ چیئرمین ڈاکٹر اندرابی نے بتایا کہ نظام میں انسانی وسائل کی معیار اور مقدار دونوں متاثر ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے تحقیق سے اعلیٰ اثرات پیدا کرنے کی صلاحیت محدود ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قومی تحقیقاتی ایجنڈے برآمدات کے اہداف اور غذائی تحفظ کے اہداف کے مطابق ہونے چاہئیں تاکہ تمام تحقیقاتی کوششیں براہ راست قومی ترجیحات سے ہم آہنگ ہوں۔ چیئرمین نے ڈیجیٹل NARIS پلیٹ فارم کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیا، جو ایک مرکزی ڈیٹا ریپوزٹری اور مشترکہ تحقیقی سہولت کے طور پر کام کرے گا تاکہ تعاون، علم کی منتقلی اور شواہد پر مبنی فیصلے ممکن ہوں۔ حکمرانی اور اسٹریٹجک نگرانی کو مضبوط بنانے کے لیے، ڈاکٹر اندرابی نے بورڈ کے سائنسی مشاورتی کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا، جو سائنسی ترجیحات کا جائزہ لینے، اسٹریٹجک سمت متعین کرنے اور عالمی معیار کے مطابق کارکردگی کی پیائش کے لیے سہ ماہی اجلاس کرے گی۔ کمیٹی میں 50 فیصد غیر ملکی ماہرین شامل ہوں گے، جن میں CAAS اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے ماہرین بھی شامل ہوں گے، تاکہ پاکستان کا تحقیقی نظام عالمی بہترین پریکٹس کے مطابق ہو۔ وفاقی وزیر نے اس اصلاحی عمل کے مقصد کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام کو اسٹریٹجک انیبلر کے طور پر دوبارہ متعین کرے گا، بجٹ پر مبنی جوابدہی کے بجائے اثر پر مبنی ماڈل اپنایا جائے گا، جس میں کارکردگی کی پیائش پیداوار، ٹیکنالوجی کے نفاذ، کمرشلائزیشن اور برآمدات کی ترقی کی بنیاد پر ہوگی۔ وزیر نے زور دیا کہ تمام تحقیقاتی اداروں کے درمیان مضبوط ہم آہنگی، بین الاقوامی شراکت داری، اور میرٹ پر مبنی انسانی وسائل کی ترقی ضروری ہے تاکہ جدت، کاروباری صلاحیت اور سائنسی معیار کو فروغ دیا جاسکے۔ اصلاحات کے تحت، پاکستان میں سنٹرز آف ایکسیلنس قائم کیے جائیں گے جو موسمیاتی مضبوط فصلوں، مویشیوں کی بہتری، جدید فوڈ پروسیسنگ، AI اور پریسچن ایگریکلچر، اور زمین، پانی اور توانائی کے پائیدار انتظام پر توجہ مرکوز کریں گے۔ یہ مراکز جدت کو فروغ دینے، تحقیق کی کمرشلائزیشن کو تیز کرنے، اور پاکستان کو زرعی سائنس وٹیکنالوجی میں خطے کا رہنما بنانے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر وزیر رانا تنویر حسین نے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام کو عالمی معیار کے مطابق، موثر اور جدید تحقیقاتی نیٹ ورک میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ سائنسی تحقیق کسانوں، صنعت اور قومی غذائی تحفظ کے ایجنڈے کے لیے عملی حل فراہم کرے۔ چیئرمین ڈاکٹر اندرابی نے زور دیا کہ مربوط حکمت عملی، جدید ڈھانچے اور اسٹریٹجک نگرانی کے ذریعے تحقیق کے معیار میں بہتری آئے گی، کمرشلائزیشن بڑھے گی اور پاکستان کی اقتصادی ترقی اور عالمی مسابقت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 15

رانا تنویر حسین نے ملک بھر میں تحقیقاتی اداروں کو جدید بین الاقوامی معیار کے مطابق بہتر بنانے، پیداوار بڑھانے، غذائی تحفظ مضبوط کرنے اور برآمدات کے فروغ کے لیے ان کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی اور صوبائی تحقیقاتی اداروں کے درمیان متعدد اور دہرائے گئے اختیارات نے کارکردگی میں کمی پیدا کی ہے، جبکہ کئی ادارے ایک دوسرے سے الگ تھلگ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحقیق کو سائلوز (تنہا کام کرنے والے نظام) سے آگے بڑھا کر کراس ڈسپلنری اپروچ اپنانا ہوگی تاکہ نتائج عملی اور تجارتی طور پر مؤثر ہوں۔ انہوں نے ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور کمرشلائزیشن کو بڑھانے کی اہمیت پر بھی زور دیا، اور کہا کہ بعض ایجادات، جیسے ویکسین، گزشتہ برسوں میں مارکیٹ تک پہنچنے میں سالہا سال لگے، حالانکہ یہ چند ماہ میں کمرشلائز ہونی چاہیے تھیں۔ چیئرمین ڈاکٹر اندرابی نے بتایا کہ نظام میں انسانی وسائل کی معیار اور مقدار دونوں متاثر ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے تحقیق سے اعلیٰ اثرات پیدا کرنے کی صلاحیت محدود ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قومی تحقیقاتی ایجنڈے برآمدات کے اہداف اور غذائی تحفظ کے اہداف کے مطابق ہونے چاہئیں تاکہ تمام تحقیقاتی کوششیں براہ راست قومی ترجیحات سے ہم آہنگ ہوں۔ چیئرمین نے ڈیجیٹل NARIS پلیٹ فارم کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیا، جو ایک مرکزی ڈیٹا ریپوزٹری اور مشترکہ تحقیقی سہولت کے طور پر کام کرے گا تاکہ تعاون، علم کی منتقلی اور شواہد پر مبنی فیصلے ممکن ہوں۔ حکمرانی اور اسٹریٹجک نگرانی کو مضبوط بنانے کے لیے، ڈاکٹر اندرابی نے بورڈ کے سائنسی مشاورتی کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا، جو سائنسی ترجیحات کا جائزہ لینے، اسٹریٹجک سمت متعین کرنے اور عالمی معیار کے مطابق کارکردگی کی پیائش کے لیے سہ ماہی اجلاس کرے گی۔ کمیٹی میں 50 فیصد غیر ملکی ماہرین شامل ہوں گے، جن میں CAAS اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے ماہرین بھی شامل ہوں گے، تاکہ پاکستان کا تحقیقی نظام عالمی بہترین پریکٹس کے مطابق ہو۔ وفاقی وزیر نے اس اصلاحی عمل کے مقصد کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام کو اسٹریٹجک انیبلر کے طور پر دوبارہ متعین کرے گا، بجٹ پر مبنی جوابدہی کے بجائے اثر پر مبنی ماڈل اپنایا جائے گا، جس میں کارکردگی کی پیائش پیداوار، ٹیکنالوجی کے نفاذ، کمرشلائزیشن اور برآمدات کی ترقی کی بنیاد پر ہوگی۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام تحقیقاتی اداروں کے درمیان مضبوط ہم آہنگی، بین الاقوامی شراکت داری، اور میرٹ پر مبنی انسانی وسائل کی ترقی ضروری ہے تاکہ جدت، کاروباری صلاحیت اور سائنسی معیار کو فروغ دیا جاسکے۔ اصلاحات کے تحت، پاکستان میں سنٹرز آف ایکسیلنس قائم کیے جائیں گے جو موسمیاتی مضبوط فصلوں، مویشیوں کی بہتری، جدید فوڈ پروسیسنگ، AI اور پریسچن ایگریکلچر، اور زمین، پانی اور توانائی کے پائیدار انتظام پر توجہ مرکوز کریں گے۔ یہ مراکز جدت کو فروغ دینے، تحقیق کی کمرشلائزیشن کو تیز کرنے، اور پاکستان کو زرعی سائنس وٹیکنالوجی میں خطے کا رہنما بنانے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ رانا تنویر حسین نے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام کو عالمی معیار کے مطابق، موثر اور جدید تحقیقاتی نیٹ ورک میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ سائنسی تحقیق کسانوں، صنعت اور قومی غذائی تحفظ کے ایجنڈے کے لیے عملی حل فراہم کرے۔ چیئرمین ڈاکٹر اندرابی نے زور دیا کہ مربوط حکمت عملی، جدید ڈھانچے اور اسٹریٹجک نگرانی کے ذریعے تحقیق کے معیار میں بہتری آئے گی، کمرشلائزیشن بڑھے گی اور پاکستان کی اقتصادی ترقی اور عالمی مسابقت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 16

نے حضرت علیؓ کو علم کا شہر قرار دیا۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ حضرت علیؓ کی طرز زندگی نے ہمیں کئی اہم سبق سکھائے ہیں اور شہادت کے وقت بھی انہوں نے نماز کو ترجیح دی، جوان کی اعلیٰ اخلاقی اور روحانی شخصیت کا عکاس ہے۔ وزیر اطلاعات نے بتایا کہ یوم علی کے موقع پر صوبے بھر میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ نکالے گئے جلوس اور مجالس عزا کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے پنجاب پولیس کے افسران اور اہلکار مکمل چاق و چوبند ہیں اور احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں تاکہ عزاداروں کو ہر قسم کے خطرے سے محفوظ رکھا جاسکے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ تمام جلوس نماز مغرب سے قبل اختتام پذیر ہوں گے اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ امن وامان قائم رکھنے میں پولیس اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت پنجاب اور سیکیورٹی ادارے ہرممکن اقدامات کے ذریعے عوام کے تحفظ اور امن وامان کو یقینی بنانے میں مکمل طور پر متحرک ہیں۔

بقیہ نمبر 17

نے کہا ہے کہ پاکستان ہر وقت اور ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، ضرورت پڑی تو سعودی عرب کی ہر حال میں مدد کریں گے۔ بین الاقوامی جریدے سے گفتگو میں ترجمان وزیراعظم مشرف زیدی کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی سوال ہی نہیں، ہم ہر وقت اور ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سکیورٹی تعاون کوئی نئی بات نہیں، دونوں ممالک طویل عرصے سے ایک دوسرے کے دفاعی مفادات کا خیال رکھتے آئے ہیں۔ ترجمان وزیراعظم مشرف زیدی کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل نے ریاض میں سعودی وزیر دفاع سے ملاقات کرکے مشترکہ دفاعی اقدامات پر بات کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیرخارجہ اسحاق ڈار جنگ کے آغاز سے ہی ایرانی وزیرخارجہ کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

بقیہ نمبر 18

سلسلہ جاری رکھنے کے لیے ضرورت کے مطابق آن لائن کلاسز ہوں گی۔ شیڈول امتحانات اور موک امتحانات مقررہ ٹائم ٹیبل کے تحت ہوں گے۔ کالجز بند ہونے سے امتحانات کے شیڈول پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے بھی تعطیلات کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اسپرنگ ہالیڈیز کے اقدامات کے تحت صوبہ بھر کے سرکاری و نجی تعلیمی ادارے 16 مارچ سے 31 مارچ تک بند رہیں گے۔ امتحانات مقررہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے، تعطیلات کا اطلاق امتحانی عمل پر نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 19

کے دوران مجلس عزا کے سکیورٹی پلان کے حوالے سے صوبائی وزیر آبپاشی محمد کاظم علی پیرزادہ اور منتظمین کو بریفنگ دی گئی۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں نے کہا کہ امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کیلئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس مکمل طور پر متحرک اور الرٹ ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عزاداروں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ کمشنر مسرت جبیں نے بتایا کہ کنٹرول رومز میں تعینات عملہ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے اہم مقامات اور مرکزی راستوں کی مسلسل نگرانی کررہا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جا سکے۔ ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے بتایا کہ مجلس کے موقع پر پولیس افسران اور اہلکاروں کو سکیورٹی کے خصوصی احکامات جاری کیے گئے ہیں جبکہ خواتین کی چیکنگ کیلئے تعینات لیڈی کانسٹیبلز کو بھی خصوصی ہدایات اور بریفنگ فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجلس میں شرکت کیلئے آنے والے عزاداروں کی مکمل تلاشی اور چیکنگ کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں جبکہ حساس مقامات اور داخلی راستوں پر سخت نگرانی جاری ہے۔ آر پی او بہاولپور کے مطابق مجالس اور جلوسوں کے پرامن انعقاد کیلئے پولیس ہائی الرٹ ہے اور سکیورٹی کے تمام انتظامات کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 20

ڈبلیوڈی کے ملازمین کو مختلف اداروں میں ضم کرنے کے معاملے پر تفصیلی بحث کی گئی۔ اجلاس کے دوران وزارت مذہبی امور کے حکام نے پی ڈبلیوڈی ملازمین کو اپنے ادارے میں ضم کرنے سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان ملازمین کو اپنے ادارے میں شامل نہیں کر سکتے۔ اس پر وفاقی وزیر ہاؤسنگ میاں ریاض پیرزادہ نے وزارت مذہبی امور کے حکام کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ وزارت مذہبی امور وزیراعظم کے احکامات کے خلاف نہیں جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ وزارت مذہبی امور اپنے لوگوں کو فری حج کرواتی ہے اور دوسرے ملازمین کو لینے سے انکار کررہی ہے۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر ناصر بٹ نے بھی اس معاملے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ اگر وزارت مذہبی امور نے پی ڈبلیوڈی ملازمین کو نہ لیا تو ان کے ملازمین کا فری حج بند کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر وزارت مذہبی امور نے ملازمین کو ایڈجسٹ نہ کیا تو وہ یہ معاملہ وزیراعظم کے سامنے اٹھائیں گے۔ اجلاس کے دوران آئی بی حکام نے ملازمین کو عید سے قبل تنخواہ دینے کی یقین دہانی کروائی۔ ڈپٹی ڈی جی آئی بی نے کمیٹی کو بتایا کہ ڈی جی آئی بی نے ملازمین کی سمری منظور کردی ہے۔ چیئرمین کمیٹی ناصر بٹ نے آئی بی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ باقی ادارے بھی آئی بی کی طرح ملازمین کے ساتھ برتاؤ کریں۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈی جی ایف آئی اے نے بھی کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پی ڈبلیوڈی ملازمین کا مسئلہ جلد حل کر لیا جائے گا۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر ناصر بٹ نے بتایا کہ ایف بی آر اور کابینہ ڈویژن نے ملازمین کے مسائل حل کر دیے ہیں جبکہ کوشش کی جارہی ہے کہ ملازمین کو عید سے قبل تنخواہ دلوائی جائے۔ وفاقی وزیر ہاؤسنگ ریاض پیرزادہ نے چیئرمین کمیٹی سینیٹر ناصر بٹ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پی ڈبلیوڈی ملازمین کی ایڈجسٹمنٹ کے لیے سینیٹر ناصر بٹ کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔

بقیہ نمبر 21

گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کفایت شعاری مہم کے تحت 70 فیصد سرکاری گاڑیاں بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ اراکین قومی اسمبلی کی 2 ماہ کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں 25 فیصد کٹوتی کی جائے گی۔ اس کے علاوہ پارلیمانی وفود کے بیرون ملک دوروں پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ گریڈ 20 اور اس سے اوپر کے افسران یا وہ افسران جن کی ماہانہ تنخواہ 3 لاکھ روپے یا اس سے زائد ہے، ان کی 2 دن کی تنخواہ قومی خزانے میں جمع کرائی جائے گی۔ سیکرٹریٹ میں تمام خریداری فوری طور پر بند کردی گئی ہے جبکہ صرف ناگزیر روزمرہ ضروریات کے لیے محدود خریداری کی اجازت دی گئی ہے۔ قومی اسمبلی اور کمیٹیوں کے اجلاس غروب آفتاب سے پہلے شیڈول کیے جائیں گے جبکہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں 80 فیصد عملہ گھر سے ورچوئل ڈیوٹی سرانجام دے گا۔ کفایت شعاری کو یقینی بنانے کے لیے گھر سے کام کرنے والے 80 فیصد ملازمین کو اضافی الاؤنس بھی نہیں دیے جائیں گے۔ قائمہ کمیٹیوں کے اجلاس ورچوئل یا آن لائن طریقے سے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ قومی اسمبلی میں ہفتے میں 4 ورکنگ ڈیز ہوں گے۔ کفایت شعاری پالیسی کے تحت قائمہ کمیٹیوں کے اجلاسوں کو محدود رکھنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ بجلی کے استعمال میں 70 فیصد کمی کی جائے گی اور غیر ضروری لائٹس اور برقی آلات بند رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کیفے ٹیریاز کے یوٹیلٹی بلز میں بھی 70 فیصد بچت کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ روایتی اخراجات میں مزید کمی لانے کے لیے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں پیپر لیس ورکنگ اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 22

عوام اپنے گھریلو گیس سلنڈر سرکاری نرخوں کے مطابق آسانی بھروا سکیں گے اور ناجائز منافع خوری کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں گیس سلنڈر کی قیمتوں کو چیک کرنے کے لیے باقاعدہ فیلڈ کارروائی کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ نمبر 23

نواز شریف نے Punjab The ActArmsIllicitSurrender 2026 کی منظوری دیدی، نئے ایکٹ میں ہر قسم کے ناجائز اسلحہ کے خاتمے کی شقیں شامل ہیں۔ اینٹیک اسلحہ گھر میں آویزاں کرنے کے لئے بھی خصوصی اجازت نامہ حاصل کرنا ہوگا، نئے ایکٹ کے نفاذ کے بعد ناجائز اسلحہ سی سی ڈی کو جمع کرانا ہوگا۔ لائسنس یافتہ اسلحہ بردار شہری کو بھی اسلحہ رکھنے کی معقول وجہ بیان کرنی ہوگی، مقررہ مدت میں ناجائز اسلحہ جمع نہ کرانے پر سخت سزائیں تجویز کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 24

ہے۔ الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے معاملات طے کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق امور پر غور کیلئے بنائی گئی کمیٹی میں مختلف حکام کو شامل کیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کمیٹی کے کنونیئر ہوں گے جبکہ الیکشن کمیشن کے سپیشل سیکرٹری پالیسی ظفر اقبال حسین کو کمیٹی کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ الیکشنز ندیم قاسم کو بھی کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن بھی کمیٹی کے رکن مقرر کئے گئے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق کمیٹی ٹاؤن کارپوریشنز کی حد بندی کے نوٹیفکیشن کو حتمی شکل دے گی، اسی طرح ہر ٹاؤن کارپوریشن میں یونین کونسلز کی تعداد کے نوٹیفکیشن پر بھی غور کیا جائے گا، اس کے علاوہ حد بندی کے مطابق مستند نقشے اور علاقوں کے ناموں کی فراہمی بھی کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی۔ حکام کا کہنا ہے کہ کمیٹی آئی سی ٹی لوکل گورنمنٹ کنڈکٹ آف الیکشنز رولز 2015 میں ترامیم کا مسودہ بھی تیار کرے گی، آئی سی ٹی لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس 2026 کے مطابق ترامیم جلد تیار کی جائیں گی، اس مقصد کیلئے کمیٹی باقاعدگی سے اجلاس منعقد کر کے معاملات کو جلد مکمل کرے گی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق گزشتہ روز وزارت داخلہ کی جانب سے کمیٹی بنانے کی درخواست کی گئی تھی جس کے بعد یہ اقدام کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

نے حکومتی احکامات ہوا میں اڑا دیے تفصیل کے مطابق پنجاب حکومت نے تمام سرکاری و غیر سرکاری سکولوں کو 31 مارچ تک بند کرنے کے احکامات جاری کیے تاہم صرف جن سرکاری اسکولوں میں امتحانات ہیں ان میں بھی صرف امتحان دینے والے طلبا و طالبات جاسکتے ہیں لیکن حکومتی احکامات کے باوجود تمام نجی سکول کھلے ہوئے ہیں اور نجی سکولوں نے حکومت پنجاب کے احکامات کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا ہے اور حکومتی خلاف ورزی کھلے عام جاری ہے فیروزہ وگرد نواح میں تمام نجی سکول کھلے رہے عوامی سماجی حلقوں نے نجی سکول مافیا کے خلاف قانون کی خلاف ورزی کرنے پر موثر کاروائی کا مطالبہ کیا ہے اور فوری طور پر ایسے نجی سکولوں کو مکمل طور پر سیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 26

اور عوامی شکایات کے ازالے کے طریقہ کار پر روشنی ڈالی۔ زیر تربیت افسران کو بتایا گیا کہ فیلڈ میں مؤثر انداز میں کام کرنے کے لیے پیشہ ورانہ مہارت، دیانتداری اور عوامی خدمت کا جذبہ انتہائی اہم ہے۔ ایس ڈی ای او پیرا فورس سٹی سرکل مجتبیٰ منظور نے اپنے عملی تجربات کی روشنی میں افسران کو فیلڈ مینجمنٹ، ٹیم ورک، عوام کے ساتھ بہتر رابطہ اور قانون کی مؤثر عملداری کے حوالے سے مفید رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایک سرکاری افسر کی اولین ذمہ داری عوامی مفاد کا تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے۔ زیر تربیت افسران نے اس بریفنگ کو نہایت معلوماتی اور مفید قرار دیا اور کہا کہ اس سے انہیں فیلڈ میں بہتر انداز میں ذمہ داریاں ادا کرنے میں مدد ملے گی۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ